© rasailojaraid.com

# اخبار الوفاق

## ادارہ تعلیم القرآن والسنہ چارسدہ کی بندش پر مذمت:

اسلام آباد (8 فروری 2017)۔ چارسدہ کے ادارہ تعلیم القرآن والسنہ کی بندش افسوس ناک اور قابل مذمت ہے، KPK حکومت فی الفور مدرسہ بحال کرے اور اللہ رب العزت اور پوری پاکستانی قوم سے معافی مانگے، سیاسی بنیادوں پر دینی مدارس پر شب خون مارنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے، ان خیالات کا اظہار وفاق مدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر قائم مقام صدر وفاق، مولانا قاری محمد حنیف جالندھری جنرل سیکرٹری وفاق مدارس العربیہ پاکستان، مولانا انوارالحق نائب صدر وفاق، مولانا حسین احمد ناظم وفاق صوبہ خیبر پختون خواہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا، وفاق مدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے کہا کہ سیاسی بنیادوں پر کسی بھی دینی مدرسہ پر شب خون مارنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے چارسدہ میں مولانا گوہر علی شاہ کے تعلیمی ادارے کی بندش پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کوئی مسلمان دینی تعلیم کا سلسلہ بند کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے راہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ادارہ تعلیم القرآن والسنہ کو نہ صرف یہ کہ فوری طور پر کھول کر اس میں تعلیمی سلسلہ بحال کیا جائے بلکہ اس واقعہ پر KPK حکومت اللہ رب العزت اور پوری قوم سے معافی بھی مانگے، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے خبردار کیا کہ اگر سیل شدہ مدرسہ کو فی الفور نہ کھولا گیا تو اس کے انتہائی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

## سیہون شریف دھماکے کی مذمت:

اسلام آباد (16 فروری 2017ء)۔ سیہون شریف دھماکہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے، بے گناہ انسانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے انسانیت اور اسلام کے دشمن ہیں، سانحہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، حادثے کے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے ملک بھر کی مساجد ومدارس میں دعاؤں کا اہتمام کیا جائے ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

العربیہ پاکستان کے رہنماؤں مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا انوار الحق اور دیگر قائدین نے سانحہ سیہون شریف پر اپنے ایک اخباری بیان میں کیا۔وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں نے سانحہ سیہون شریف کو افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا اور کہا کہ بے گناہ انسانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے انسانیت اور اسلام کے دشمن ہیں۔وفاق المدارس کے قائدین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اس حادثے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔وفاق المدارس کے قائدین نے زخمیوں کو فوری طبی سہولیات کی فراہمی کا بھی مطالبہ کیا، دریں اثناء وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے ملک بھر کی مساجد و مدارس کے ائمہ وخطباء کے نام ہدایات جاری کیں کہ وہ زخمیوں کی جلد صحت یابی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کریں۔

**حالیہ دہشت گردی کے واقعات کی مذمت اور سدباب کا مطالبہ:**

اسلام آباد(17 فروری 2017)۔وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری نے جمعہ کے اجتماع سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک بھر میں ہونے والے دھماکے انسانیت پر حملے اور اسلام و پاکستان دشمنوں کی کاروائی ہے، پاکستان میں امن وسلامتی اور پاکستان کی تعمیر و ترقی کے دشمن پڑوسی ممالک مختلف عنوانات کے تحت کاروائیاں کروا رہے ہیں انہیں منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے، دہشت گردی کی روک تھام کے لیے صرف بیانات کافی نہیں عملی اقدامات کی ضرورت ہے، ملک بھر کے علماء کرام اور دینی مدارس کے طلبہ سانحات کے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعائیں کریں اور متاثرین کے ساتھ ہر ممکن تعاون اور تعزیت کا اہتمام کریں-مولانا محمد حنیف جالندھری نے جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انسانی جان کی حرمت اور بے گناہوں کے قتل کے بارے میں قرآن وحدیث میں وارد ہونے والے احکامات پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آج ملک بھر میں خون بہہ رہا ہے اور دل خون کے آنسو رو رہا ہے-مولانا جالندھری نے حالیہ دھماکوں کی لہر کو انسانیت پر حملہ آور اسلام و پاکستان دشمنوں کی کاروائی قرار دیا-مولانا جالندھری نے مطالبہ کیا کہ اس وقت محض بیان بازی کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے-انہوں نے کہا کہ آج پورا ملک دہشت گردوں کے نشانے پر ہے اور پاکستان کے امن وسلامتی اور تعمیر وترقی کے دشمن ٹائٹل بدل بدل کر پاکستان کی سلامتی پر حملہ آور ہو رہے ہیں اس لیے ہمہ جہتی حکمت عملی مرتب کرنے کی ضرورت ہے، مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ کسی مخصوص علاقے یا مذہب ومسلک کے سر تمام الزام تھوپ دینا دشمن کے مقاصد کی تکمیل کا باعث ہوگا-مولانا جالندھری نے ملک بھر کے علماء وطلبہ سے کہا کہ وہ ان سانحات میں شہید ہو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جانے والوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعاوں کا اہتمام کریں اور متاثرہ علاقوں کے علماء وطلبہ متاثرین کی دل جوئی اور ہر قسم کی مدد کریں۔

**سوشل میڈیا میں ذاتی پوسٹوں پر وفاق کا نام استعمال نہ کیا جائے:**

اسلام آباد( 27-01-2017) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے میڈیا سیل کے ذمہ دار مولانا عبدالقدوس محمدی نے واضح کیا ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے شامی مہاجرین کے تعاون کے سلسلے میں کسی ادارے کا تعین کیا گیا اور نہ ہی تعاون کے طریقہ کار کا اعلان کیا گیا، وفاق المدارس اور قائدین وفاق المدارس کی طرف سے پوسٹوں، اپیلوں اور اشتہارات سے گریز کیا جائے۔وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے میڈیا سنٹر سے جاری ہونے والے ایک وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے شامی مہاجرین سے تعاون کے طریقہ کار کا اعلان کیا اور نہ ہی کسی ادارے کا تعین کیا بلکہ اس حوالے سے غور وخوض جاری ہے کہ شامی مہاجرین کے تعاون کے سلسلے میں کیا حکمت عملی اور طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ترجمان وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے متنبہ کیا کہ سوشل میڈیا کی پوسٹوں اور تعاون کی اپیلوں میں وفاق المدارس اور قائدین وفاق المدارس کا نام ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔

**وفاق المدارس کے مسئولین ونگران اعلیٰ کے تربیتی اجلاس:**

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی امتحانی کمیٹی کے اجلاس منعقدہ 25 ربیع الثانی 1438ھ مطابق 24 جنوری 2017ء میں ''وفاق'' کے امتحانی عملے کی تربیت کا فیصلہ ہوا تھا۔جس کی روشنی میں ملک بھر میں چھ تربیتی پروگرامات طے ہوئے تھے۔ان میں سے پہلا اجلاس کوئٹہ، دوسرا کراچی، تیسرا لاہور چوتھا ملتان اور پانچواں اسلام آباد میں منعقدہ ہوا۔جبکہ چھٹا اور آخری اجلاس پشاور میں منعقدہ ہوا۔تربیتی پروگرامات کی مختصر روئیداد پیش خدمت ہے۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 13 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 13 مارچ 2016ء بمقام جامعہ سراج العلوم کوئٹہ**

صوبہ بلوچستان کے مسئولین ونگران اعلیٰ برائے مراکز امتحان بنین کی تربیتی نشست 13 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 13 مارچ 2017ء بروز پیر صبح دس بجے جامعہ سراج العلوم سرکی روڈ کوئٹہ میں ہوئی۔اجلاس کی صدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالستار شاہ صاحب دارالعلوم رحیمیہ کوئٹہ نے فرمائی۔ناظم بلوچستان حضرت مولانا مفتی صلاح الدین صاحب اور معاون ناظم بلوچستان حضرت مولانا مفتی مطیع اللہ صاحب نے خطاب کیا۔

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم العالی ناظم اعلیٰ وفاق المدارس بوجہ ناسازی طبع اس اجلاس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

میں شرکت نہ فرما سکے۔ان کے خصوصی حکم پر حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب ناظم پنجاب نے شرکت فرمائی۔ انہوں نے وفاق المدارس کی خدمات، اکابرین علماء دیوبند کے حالات پر روشنی ڈالی اور امتحانی امور سے متعلق ہدایات دیں۔آخر میں دعاء کی گئی کہ اللہ تعالیٰ وفاق کے تمام امور بالخصوص سالانہ امتحان کو بخیر وخوبی پایہ تکمیل تک پہنچائے۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 13 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 13 مارچ 2016ء بمقام جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی**

صوبہ سندھ کے مسئولین ونگران اعلیٰ کا تربیتی اجلاس 13 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 13 مارچ 2017ء بروز پیر بعد نماز عصر جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی میں منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت قائم مقام صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے فرمائی۔نظامت کے فرائض حضرت مولانا امداداللہ صاحب زیدمجدہم نے انجام دیے۔اجلاس میں صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے اراکین مجلس عاملہ،اراکین امتحانی کمیٹی، مسئولین وفاق اور نگران اعلیٰ حضرات نے شرکت فرمائی۔

حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب ناظم وفاق پنجاب اور حضرت مولانا قاری عبدالرشید صاحب معاون ناظم وفاق سندھ نے خطاب کیا اور وفاق امتحانی قواعد وضوابط کی تفصیلات بیان کیں۔

قائم مقام صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے بھی امتحانی امور سے متعلق ہدایات دیں اور قواعد وضوابط پر عملدر آمد کی تلقین فرمائی۔انہی کی دعاء کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 14 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 14 مارچ 2016ء بمقام جامعہ اشرفیہ لاہور:**

لاہور ڈویژن، فیصل آباد ڈویژن، سرگودھا ڈویژن گوجرانوالہ ڈویژن اور ساہیوال ڈویژن کے مسئولین ونگران اعلیٰ (بنین) کا تربیتی اجلاس 14 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 14 مارچ 2017ء بروز منگل بعد نماز ظہر جامعہ اشرفیہ لاہور میں زیر صدارت حضرت مولانا فضل الرحیم اشرفی صاحب مدظلہم رکن مجلس عاملہ وفاق ومہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور منعقد ہوا۔نظامت کے فرائض حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب مسئول وفاق لاہور نے انجام دیے۔اجلاس میں مذکورہ علاقوں کے اراکین مجلس عاملہ، مسئولین وفاق اور نگران حضرات نے شرکت فرمائی۔تلاوت کلام پاک کی سعادت حضرت مولانا قاری مشتاق احمد رحیمی صاحب مسئول وفاق ضلع قصور نے حاصل کی۔تمہیدی گفتگو میں حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب زیدمجدہم نے ''وفاق'' کے امتحانی نظم سے متعلق



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اپنے تجربات اور مشاہدات کا ذکر کیا۔

اس کے بعد حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم العالی ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا مدلل خطاب ہوا۔ جس میں انہوں نے امتحانی نظم سے متعلق وفاق کے مقررہ قواعد وضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی تاکید فرمائی۔ انہوں نے فرمایا کہ مسئولین و دیگر امتحانی عملہ کو اپنے فرائض منصبی پوری دیانتداری کے ساتھ انجام دینے چاہئیں کیونکہ شفاف امتحانات کا انعقاد اسی سے وابستہ ہے۔ آخر میں انہوں نے تمام شرکاء اور میزبان ادارہ کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا۔ حضرت مولانا فضل الرحیم اشرفی صاحب مدظلہم کی رقت آمیز دعاء کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 27 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 27 مارچ 2017ء بمقام مرکزی دفتر وفاق المدارس ملتان:**

ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازیخان ڈویژن کے مسئولین و نگران اعلیٰ کا اجلاس مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن ملتان میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز صبح گیارہ بجے تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ ابتدائی گفتگو حضرت مولانا زبیر احمد صدیقی صاحب معاون ناظم پنجاب نے فرمائی۔ انہوں نے امتحانات سے متعلق وفاق کے مرتب کردہ قواعد وضوابط کے بارے مسئولین و نگران عملہ کو مفصل طور پر آگاہ کیا۔

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم العالی ناظم اعلیٰ وفاق نے اجلاس میں شرکت کے لئے تشریف لانے والے تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا اور مسئولین و نگران عملہ کو ہدایات دیں۔ انہوں نے سالانہ امتحان 1437ھ اور 1438ھ کے داخلے کی تعداد کا موازنہ پیش فرمایا۔ جو کہ حسب ذیل ہے۔

| سال | کتب بنین | کتب بنات | حفظ بنین | حفظ بنات | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1437ھ | 97516 | 125038 | 52686 | 12151 | 287391 |
| 1438ھ | 101355 | 143624 | 56875 | 13129 | 314983 |
| اضافہ | 3839 | 18586 | 4189 | 978 | 27592 |

انہوں نے فرمایا کہ مدارس کے خلاف منفی پروپیگنڈے اور مہم کے باوجود ہر سال طلبہ وطالبات کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ گذشتہ سال کی نسبت امسال 27592 زائد طلبہ وطالبات کا داخلہ موصول ہوا ہے، جو کہ ایک ریکارڈ اضافہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امسال وفاق المدارس کے تحت بیرون ملک ملحق مدرسہ کے درجہ خامسہ تک کے طلبہ کا امتحان ہوگا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

انہوں نے فرمایا کہ مسئولین کو وفاق کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں ہم نے وفاق کے نظام میں ارتکاز ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ صوبائی سطح پر اختیارات تقسیم کیے ہیں۔ پہلے ناظمین، مسئولین اور کوآرڈی نیٹر نہیں تھے۔ ہم نے نچلی سطح پر فرائض واختیارات تفویض کیے ہیں۔ وفاق کو مضبوط اور مستحکم بنانے میں مسئولین کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ آپ کا مدارس کے ساتھ براہ راست رابطہ ہے اس لئے آپ وفاق کے نظام کی بنیاد ہیں۔ مسئول کا کام صرف امتحانات تک محدود نہیں بلکہ مدارس سے وفاق کے نصاب تعلیم، نظام تعلیم اور قواعد وضوابط کی پابندی کرانا بھی مسئول کی ذمہ داری ہے۔ اپنے فرائض ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ مدارس اپنے مسئولین سے اور مسئولین اپنے ناظمین سے رابطہ بڑھائیں۔

انہوں نے فرمایا کہ امتحانی مراکز اور نگران عملہ کے تقرر میں وفاق کے قواعد ضوابط پر سختی سے عملدر آمد کیا جائے۔ حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ''بہترین ہدایات اگر صرف کاغذ کی زینت رہیں تو ان کا کوئی فائدہ نہیں''۔ نظم کو مثالی بنانے کے لئے قواعد وضوابط پر عملدر آمد کو یقینی بنانا ہوگا۔ ذاتیات سے بالاتر ہو کر تمام مدارس کے استحقاق کا خیال رکھا جائے۔

مسئول کی ذمہ داری میں نہایت اہم ذمہ داری سوالیہ پرچہ جات کی حفاظت ہے۔ ان کی حفاظت کا خصوصی اہتمام کیا جائے۔

نگران اعلیٰ حضرات کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ امتحانی مرکز کا اصل ذمہ دار نگران اعلیٰ ہے۔ نگران اعلیٰ کو چاہیئے کہ اپنے معاونین سے رابطہ کرے اور امتحان سے ایک قبل امتحانی مرکز میں جا کر امتحانی ہال کا جائزہ لے۔ دوران امتحان موبائل فون کا استعمال صرف نگران اعلیٰ امتحانی ضرورت کے تحت کر سکتا ہے۔ دوران امتحان نگران اعلیٰ اپنے معاونین پر بھی کڑی نظر رکھے کہ کوئی اپنے فرائض میں کوتاہی تو نہیں کر رہا۔ ''وفاق'' کے امتحانات میں نگرانی ایک بہت بڑا اعزاز ہونے کا ساتھ ساتھ اجر وثواب کا باعث بھی ہے۔ حضرت مولانا فیض احمد رحمۃ اللہ علیہ مجھے فرمایا کرتے تھے کہ جامعہ خیر المدارس کی خدمت ایک مدرسہ کی خدمت ہے جبکہ ''وفاق'' کی خدمت پورے پاکستان کے مدارس کی خدمت ہے۔ اس لئے آپ حضرات وفاق کو اپنی ترجیح بنائیں، اس کے تقدس اور وقار کے لئے پوری تندہی اور جانفشانی سے کام کریں۔

آخر میں حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم العالی نے ''وفاق'' کے استحکام وترقی کے لئے دعاء فرمائی۔ دعاء کے ساتھ دوپہر دو بجے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ دفتر وفاق میں مہمانوں کے شایان شان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پر تکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 29 جمادی الاخریٰ 1438ھ مطابق 29 مارچ 2017ء بمقام جامعہ محمدیہ اسلام آباد:**

مورخہ 29 مارچ 2017ء بروز بدھ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ محمدیہ ایف سکس فور اسلام آباد میں سالانہ امتحان منعقدہ رجب ۱۴۳۸ھ بمطابق اپریل 2017ء کے کامیاب انعقاد کے سلسلہ میں تربیتی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے فرمائی۔ اجلاس کی میزبانی حضرت مولانا ظہور احمد علوی مدظلہم مسئول وفاق المدارس ضلع اسلام آباد نے کی۔ اجلاس میں راولپنڈی ڈویژن اور کشمیر سے تعلق رکھنے والے مسئولین ونگران اعلیٰ حضرات نے شرکت فرمائی۔

اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ ڈپٹی سیکرٹری جنرل وفاق المدارس حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے امتحانات کے قواعد وضوابط پر روشنی ڈالی۔ ان کے بعد حضرت مولانا قاری حنیف جالندھری صاحب نے مفصل گفتگو فرمائی اور مسئولین اور نگران اعلیٰ کو امتحانی نظام مضبوط اور کامیاب بنانے اور نگران اعلیٰ کو وفاق کے امتحانی قواعد وضوابط پر دیانت کے ساتھ عملدرآمد کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اجلاس کا دعا کے ساتھ اختتام ہوا۔ آخر میں شرکاء کے لئے طعام کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

**تربیتی اجلاس منعقدہ 03 رجب المرجب 1438ھ مطابق یکم اپریل 2017ء بمقام جامعہ عثمانیہ خیبر پختونخواہ:**

خیبر پختونخواہ کے مسئولین امتحان ونگران اعلیٰ کا تربیتی اجلاس مورخہ 03 رجب المرجب 1438ھ مطابق یکم اپریل 2017ء بروز ہفتہ صبح 10:00 بجے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ عثمانیہ نوتھیہ روڈ پشاور میں زیر صدارت حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ نائب صدر وفاق منعقد ہوا۔

ابتدائی گفتگو حضرت مولانا حسین احمد صاحب ناظم وفاق خیبر پختونخواہ نے فرمائی، اس کے بعد حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم العالی ناظم اعلیٰ وفاق کا خطاب ہوا، جس میں انہوں نے نظمِ امتحان سے متعلق تفصیلی ھدایات دیں۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی دعا کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com